پانچ یا چھ طلبہ کا ایک گروہ بنائیے اور روزانہ انجام دی جانے والی سرگرمیوں اور استعمال کی جانے والی غذائی اشیا کی فہرست تیار کیجیے۔ اپنی رپورٹ پیش کیجیے۔ گروہی طور پر اپنے ٹیچر سے غذا کے استعمال اور انجام دی جانے والی سرگرمیوں کے درمیان تعلق کے بارے میں مباحثہ کیجیے۔ ہمیں مختلف کام کرنے کے لیے جو توانائی درکار ہوتی ہے وہ غذاء سے حاصل ہوتی ہے۔

- کیا ہمیں حالت نیند میں بھی توانائی کی ضرورت ہوتی ہے؟ ہاں یا نہیں کیوں؟

کیا آپ کو معلوم ہے کہ "حالت نیند میں بھی ہمارے جسم میں تنفس کے دوران خون وغیرہ جیسے کئی ایک افعال انجام پاتے ہیں۔ اِس لیے حالت نیند میں بھی ہمیں توانائی کی ضرورت ہوتی ہے۔"

کیا آپ حالت نیند میں ہمارے جسم میں انجام پانے والے چند اور افعال کو شامل کر سکتے ہیں۔

درج ذیل سوالات پڑھیے۔

اِن پر غور کرتے ہوئے اپنے دوستوں سے بحث کیجیے۔

1. اگر آپ دوپہر کا کھانا، نہ کھائیں تو کیا محسوس کروگے؟
2. اگر دن بھر کھانا نہ کھائیں تو کیا ہوگا؟
3. اگر آپ کو مسلسل چند دن تک غذاء نہ ملے تو کیا ہوگا؟

S.C.E.R.T. TELANGANA

4. Why should we take food? What are the components in it?

Let us find out what components are present in our food.

Activity– 2: Listing out food components

Observe the given packet (Fig. 2) and list out the food components present in it.

Table 1: Food items and components

Food Items	Carbohydrates	Protein	Fat (Lipids)	Vitamins & Minarals	Other if any
Milk Powder					



Fig. 2

In Table 1, put a tick (✓) mark if you find the listed food components present in food items.

Collect some other food packets as well like those of chips, coffee, biscuit, etc. and identify the different components present in them and record them in the table given.

- What are the components observed on milk powder packet?
- What components are most common in your list?
- Do you find any vitamins and minerals in them? What are they?
- Where do you write salt and sugar? Why?
- Are there any food items with similar components?

What are the essential components of food?

Our food consists of Carbohydrates, Proteins, Fats, Vitamins and Minerals. Besides these, water and fibres are also present. These are the essential components of our food and we call them nutrients. In activity 1, you prepared food items list. Which of them have carbohydrates? Which of them have proteins?

S.C.E.R.T. TELANGANA

4. ہمیں غذاء کیوں لینا چاہیے ؟اور اس میں کونسے اجزاء پائے جاتے ہیں؟

آیئے اب ہم غذا کے مختلف اجزاء کا مطالعہ کریں۔

مشغلہ :-2 غذاء کے مختلف اجزاء کی فہرست تیار کرنا:۔

شکل-2 میں دیئے گئے پیاکٹ کا مشاہدہ کیجئے اور اس میں موجود غذائی اجزاء کو معلوم کیجئے

جدول - 1 مختلف غذائی اشیاءاوران کے اجزاء

غذائی اشیا	کاربوہائیڈریٹس	پروٹین	چربیاں	وٹامن اورنمکیات	دیگر
دودھ کا پاوڈر					

شکل 2

اگر معلوم کی گئی غذائی اجزاء جدول 1 میں موجود ہیں تو (✓) کا نشان لگایئے۔ اسی طرح بازار میں دستیاب مختلف قسم کے چپس، کافی، بسکٹ وغیرہ جیسی غذائی اشیا کے پیاکٹس جمع کیجیے۔ ان میں کونسی غذائی اجزاء ہیں غور کرتے ہوئے جدول میں درج کیجیے۔

- دودھ کے پاوڈر کی پاکٹ پر درج کون کونسے غذائی اشیا کا مشاہدہ کیا گیا۔

- آپ کے تیار کردہ جدول کے مطابق کونسے غذائی اجزاء اکثر غذائی اشیا میں پائی گئی ہیں؟
- کیا ان اشیا میں حیاتین (وٹامن) اور معدنیات پائی گئی ہیں تو وہ کونسی ہیں؟
- شکر اور نمک جیسے اجزا کو آپ نے کس کے تحت درج کیا اور کیوں؟
- کیا کوئی غذائی اشیاء ایسے ہیں جو ایک جیسے اجزاء سے بنائے گئے ہیں؟

غذاء کے لازمی اجزاء کیا ہیں؟

غذاء جو ہم کھاتے ہیں اس میں کاربوہائیڈریٹس، پروٹین، چربیاں وٹامن اور نمکیات پائے جاتے ہیں۔ جنھیں لازمی اجزا کہا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ غذاء میں پانی اور ریشے بھی پائے جاتے ہیں۔ یہ ہماری غذا کے لازمی اجزاء ہیں۔ انہیں ہم مقویات Nutrients بھی کہتے ہیں۔ مشغلہ نمبر 1 میں آپ نے غذائی اشیاء کی فہرست تیار کی۔ کون سی غذا میں، کاربوہائیڈریٹ پائے جاتے ہیں۔ کس قسم کی غذا پروٹین پر مشتمل ہوتی ہے۔

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 2022-23

S.C.E.R.T. TELANGANA

Which of them have vitamins and minerals? The components present in food substances can be tested easily through simple experiments.

Activity – 3 : Confirmation of presence of food components

Collect different types of food materials like milk, a potato, little quantity oil / ghee. Test them according to the instructions given below. For this you will need test tubes, stand, plate and dropper. You would also need some chemicals as given in each section of testing.

Take a sample of each food item in a test tube or plate. Prepare the chemicals needed. Test the samples with them. Note down your observations in your notebook

Experiment - 1: Test for Starch:

Preparation of dilute iodine solution

Take a test tube or a cup and add few Iodine crystals to it. Then dilute it with water till it becomes light yellow/ brown.


Fig. 3

Take a sample of food item in the test tube. Add a few drops of dilute Iodine solution to the sample.

Observe the change in colour. What do you find?

If the substance turns dark-blue or black it contains starch. Try with ripen banana and curry banana.

Experiment - 2: Test for fats

Take a small quantity of each sample. Rub it gently on a piece of paper.If the paper turns translucent the substance contains fats.

Fig. 4

Recall your past experience when you have eaten vada or any other food item on a paper plate; you might have noticed the paper plate turning translucent.

Why did the paper plate turn transluscent ?

The reason for this is presence of fats in food items.

Experiment - 3: Test for Proteins

Preparation of 2% copper sulphate solution and 10% sodium hydroxide solution:


Fig 5

To make 2% copper sulphate solution dissolve 2 gms of copper sulphate in 100 ml of water.

To make 10% of Sodium hydroxide solution dissolve 10 gms of sodium hydroxide in 100 ml of water.

1 gram of sodium hydroxide equals to 6 pellets of sodium hydroxide.

If the substance you wish to test is a solid, grind it into powder or paste. Take a little of it in the test tube and add 10 drops of water to the powder and stir well.

Add 2 drops of copper sulphate solution and 10 drops of sodium hydroxide solution to the test tube and shake well. Observe the colour change. If the substance colour changes to voilet or purple confirms presence of protein.

The above tests show the presence of components of food which are usually present in larger amounts as compared to others.

S.C.E.R.T. TELANGANA

کس قسم کی غذا میں حیاتین اور معدنیات موجود ہوتے ہیں۔ آیئے چھوٹے چھوٹے تجربات کے ذریعہ معلوم کریں کہ کن اشیا میں کونسے غذائی اجزاء پائے جاتے ہیں۔

مشغلہ:-3 غذائی اجزاء کی موجودگی۔تصدیق :

دودھ، آلو، گھی تیل وغیرہ جیسی غذائی اشیاء کی تھوڑی سی مقدار لیجیے۔ دی گئی ہدایات کے مطابق ان کی جانچ کیجیے۔ جانچ کے لیے دو امتحانی نلیاں، اسٹانڈ، برتن اور ڈراپر (Dropper) ضروری ہیں۔ اس کے علاوہ بعض کیمیائی اشیا بھی استعمال کی جاتی ہیں۔ جن اشیا کی جانچ ضروری ہے اس کی کچھ مقدار امتحانی نلی میں لیجیے جس میں جانچ کے لیے ضروری کیمیائی اشیا کو داخل کر کے ہونے والی تبدیلیوں کا مشاہدہ کیجیے' اپنے مشاہدات کو کاپی میں درج کیجیے۔

تجربہ-1 نشاستہ کی جانچ

آیوڈین کے محلول کی تیاری :

ایک امتحانی نلی میں چند آیوڈین کی قلمیں لیجیے اور اس میں تھوڑا سا پانی ملایئے، امتحانی نلی کو خوب ہلا تے ہوئے ہلکا یا ہوا آیوڈین کا محلول تیار کیجیے۔ جسکا رنگ بُھورا/زرد ہوتا ہے۔

شکل 3

امتحانی نلی میں غذا کی تھوڑی سی مقدار لیجیے اور اسکا پیسٹ بنایئے ۔ اس پیسٹ میں ہلکایا آیوڈین محلول کے چند قطرے ملایئے اب اسکے رنگ میں ہونیوالی تبدیلی پر غور کیجیے۔ آپ نے کیا دیکھا؟

غذا کے رنگ کا نیلا ہوجانا نشاستہ کی موجودگی کو ظاہر کرتا ہے۔

کچے اور پکے ہوئے موز کو لے کر اس تجربہ کو دوہرا کر دیکھئے۔

تجربہ:-2 چربی کی جانچ :

کسی غذائی شئے کی تھوڑی سی مقدار لیکر اسے ایک سفید کاغذ پر آہستہ رگڑیئے۔ اگر کاغذ نیم شفاف ہوجائے تو ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ اس میں چربی موجود ہے۔

شکل 4

آپ نے بھجیہ اور دوسا جیسی اشیا کو پیپر پلیٹ میں رکھ کر کھایا ہوگا۔ آپ نے دیکھا ہوگا کہ وہ پیپر پلیٹ نیم شفاف ہوجائے گا۔ وہ پیپر پلیٹ نیم شفاف کیوں ہوا؟ یہ غذا میں موجود چربی کی وجہ سے ہوا۔

تجربہ:-3 پروٹین کی جانچ :

2% کا پر سلفیٹ کا محلول 10% سوڈیم ہائیڈرو آکسائیڈ کے محلول کی تیاری: 2% کا پر سلفیٹ کے محلول کی تیاری کے لیے 2 گرام کا پر سلفیٹ کو 100 ملی لیٹر پانی میں حل کیجیے۔

شکل 5

10% سوڈیم ہائیڈرو آکسائیڈ کے محلول کی تیاری کے لیے 10 گرام سوڈیم ہائیڈرو آکسائیڈ کو 100 ملی لیٹر پانی میں حل کیجیے۔ ایک گرام سوڈیم ہائیڈرو آکسائیڈ تقریباً چھ Pellets سوڈیم ہائیڈرو آکسائیڈ کے مساوی ہوتا ہے۔

اگر غذائی شئے ٹھوس حالت میں ہو تو اس کو سفوف یا پیسٹ کی حالت میں بدل دیجیے۔ اب امتحانی نلی میں سفوف کی کچھ مقدار لیجئے اور اس میں پانی کے دس قطرے ڈالکر اُسے خوب ہلایئے۔ ایک صاف امتحانی نلی میں اس محلول کے دس قطرے لیجیے اس کے بعد کا پر سلفیٹ کے محلول کے دو قطرے اور سوڈیم ہائیڈرو آکسائیڈ کے 10 قطرے امتحانی نلی میں لے کر خوب ہلایئے اور رنگ میں واقع ہونے والی تبدیلی کا مشاہدہ کیجیے۔ امتحانی نلی میں سُرخی مائل یا بنفشی رنگ کی تبدیلی پروٹین کی موجودگی کو ظاہر کرتی ہے۔ مذکورہ بالا تجربات کے ذریعہ ہم غذا میں موجود ان غذائی اجزاء کی شناخت کر سکتے ہیں جو عموماً اس میں زیادہ مقدار میں موجود ہوتے ہیں۔

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 2022-23

All types of food that we eat contain all the above mentioned food components. The quantity of each component varies from type to type. In Rice carbohydrates are more where as in oils, fats are present in more quantity.

Experiment – 4: Testing of food items

Test different food items as given in Table 2.

4. Which food item contains more fat?

....

5. Which food items contain more protein?

....

Generally every food item contains all the components of food. But some components may be more while some may be less.

Table 2: Testing of food items for Carbohydrates, Proteins, Fats

S.No.	FOOD	STARCH Present / Absent	PROTEINS Present / Absent	FATS Present / Absent
1	RICE			
2	POTATO			
3	MILK			
4	CURD			
5	EGG			

S.C.E.R.T. TELANGANA

You may add your own examples. Find out the different components in them and record the information on the basis of your observations in table 2.

You can enrich the table by adding more food substances.

Analyse the data in the table and think about the components presents in the food items.

Discuss with your friends and answer the following questions.

1. Which foods show the presence of starch?

....

2. What nutrients are present in milk?

....

3. Which component of food could you identify in potatoes?

....

We require different quantities of Carbohydrates, Proteins and Fats according to age and need of individuals. Growing children need more protein-containing food like milk, meat, pulses etc. We also need minute quantities of some other components called Vitamins and Minerals to keep us healthy.

Think! Find out from your classmates whether all of their family members take sufficient food. If not,why ? Find reasons and solutions.

ہماری کھائی جانیوالی غذا میں یہ تمام اجزاء پائے جاتے ہیں لیکن ان اجزاء کی مقدار مختلف غذائی اشیا میں مختلف ہوتی ہے یعنی چاول میں کاربوہائیڈریٹ (نشاستہ) زیادہ ہوتا ہے جبکہ تیل میں چربیاں زیادہ پائی جاتی ہیں۔

تجربہ:-4 غذائی اشیا کی جانچ :

جدول۔2 میں دی گئی مختلف غذائی اشیا کی جانچ کیجیے

جدول-2 کاربوہائیڈریٹس، پروٹین اور چربی کے لئے غذائی اشیاء کی جانچ

سلسلہ نشان	غذائی اشیا	نشاستہ (کاربوہائیڈریٹس) موجود/نہیں	پروٹین موجود/نہیں	چربی موجود/نہیں
1	چاول (پکا ہوا)			
2	آلو			
3	دودھ			
4	دہی			
5	انڈا			

اور معلوم کیجیے کہ ان میں کون کونسے غذائی اجزاء پائے جاتے ہیں۔اپنے مشاہدات کو جدول۔2 میں درج کیجیے۔

اس تجربہ کے ذریعہ ہمیں معلوم ہوا کہ تمام غذائی اشیاء میں کئی قسم کے غذائی اجزاء پائے جاتے ہیں۔لیکن ان اجزاء کی مقدار مختلف غذائی اشیا میں مختلف ہوتی ہے۔جدول میں دی گئی غذائی اشیا میں کونسے اجزاء پائے جاتے ہیں۔تجزیہ کیجیے۔اپنے دوستوں سے بحث کرتے ہوئے جوابات لکھئے۔

1. کونسی غذاء نشاستے کی موجودگی کو ظاہر کرتی ہے؟

....

2. دودھ میں کونسے اجزائے پائے جاتے ہیں؟

....

3. آلو کی جانچ کے بعد آپ نے اسمیں کونسے غذائی اجزاء کو پایا؟

....

4. کس غذائی شئے میں زیادہ چربی پائی گئی؟

....

5. دی گئی اشیا میں زیادہ پروٹین کس غذائی شئے میں پائے گئے؟

....

کسی شخص کی عمر اور اس کے کام کے لحاظ سے اُس کو کاربوہائیڈریٹس اور چربیوں کی ضرورت ہوتی ہے۔بڑھتے ہوئے بچّوں اور بالغوں لیے مقوی غذاء کی ضرورت ہوتی ہے۔ان کے لیے ایسی غذاء جن میں پروٹین زیادہ ہوں جیسے دودھ، دالیں اور گوشت وغیرہ کا اِستعمال بہت ضروری ہوتا ہے۔اس کے علاوہ قلیل مقدار میں وٹامن اور نمکیات بھی ضروری ہوتے ہیں۔مقوی غذاء کے استعمال سے ہم صحت مند رہ سکتے ہیں۔

غور کیجیے!

اپنی جماعت کے بچّوں سے معلوم کیجیے کہ کیا ان کے افراد خاندان کو مقوی غذاء دستیاب ہے؟ اگر نہیں تو ایسا کیوں ہو رہا ہے؟ اس کی وجہ کیا ہے؟

اس مسئلہ کا حل کیا ہو سکتا ہے؟

S.C.E.R.T. TELANGANA

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔2022-23

ROUGHAGES OR DIETARY FIBRES

Along with the carbohydrates, proteins, fats, vitamins and minerals there are some components of food that are necessary for our body called roughages or dietary fibres. Roughages are also a kind of carbohydrates that are not digested in our body.

Activity–4: Roughages in some food items.

Collect some vegetables like ribbed gourd, bunch beans, lady's finger or some boiled sweet potato etc. break them or crush them into pieces and observe. You will find some fine strands or thread like structures. These strands are called roughages.

Roughages help in free bowel movement in the digestive tract and prevent constipation. Discuss with your teacher how dietary fibres help in preventing constipation.

SOURCES OF ROUGHAGES

Bran, shredded wheat, cereals, fruits and vegetables, sweet and plain potato, peas and berries, pumpkins, palak, apples, banana, papaya and many kinds of beans are the sources of roughages. We must take care to include sufficient fibre foods in our daily diet.

Fig. 6

Generally we have a habit of eating some fruits with peels. We eat banana without peel but fruits like apples, grapes etc. are eaten along with peels. Most of the vegetables are also used along with peels, sometimes we make some special dishes like chutneys etc. with peels. So don't peel or discard outer layers of fruits or vegetables. They are rich in nutrients. Peel contains fibre which helps in digestion. But now-a-days farmers use many pesticides in the fields They are very dangerous for our health so we must wash fruits and vegetables with salt water thoroughly.Then only it becomes safe to eat them along with peels.

Fig. 7

WATER

Water is also an essential component needed by our body. We should drink sufficient water. Do you know we get water from fruits and vegetables also? Most of the fruits and vegetables contain water.

Observe the above fruits and vegetables and cut them. Can you find water in them? Most vegetables like cucumber, beans, kheera, tomatoes, gourds and fruits like, papaya and melons etc. contain water.

S.C.E.R.T. TELANGANA

ریشے دار اجزاء:

ہماری غذاء میں چند ایسے غذائی اجزاء پائے جاتے ہیں جو ہماری جسمانی نشونما کے لئے ضروری ہوتے ہیں انہیں ریشے دار غذائی اجزاء کہا جاتا ہے۔

مشغلہ۔4 : غذائی اشیا میں ریشے:

ترائی بھینڈی، سیم اور اُبلا ہوا رتالو وغیرہ لیجیے۔ انھیں ٹکڑے ٹکڑے کیجیے یا انھیں رگڑ کر دیکھئے۔

☆ کیا آپ نے باریک ریشے یا دھاگے نما ساختوں کا مشاہدہ کیا؟

☆ یہ ریشے یا دھاگہ نما ساختیں کیا کہلاتے ہیں؟

دراصل یہ غذائی ریشے ایک قسم کے کاربوہائیڈریٹس سے بنے ہوتے ہیں جو ناقابل ہضم ہوتے ہیں اور غذاء کو آنتوں میں سے گذارنے میں مدد دیتے ہیں۔ یہ ریشے ہمیں قبض سے بچاتے ہیں۔

اپنے استاد سے قبض سے متعلق بحث کیجیے اور معلوم کیجیے کہ غذائی ریشے قبض کے تدارک میں کس طرح کارآمد ہوتے ہیں؟

ریشے دار غذائی اشیا کے ذرائع:

اجناس، رتالو، مٹر، کدّو، سیم، پالک اور پھل جیسے موز، سیب، پپائی وغیرہ سے ہمیں غذائی ریشے حاصل ہوتے ہیں۔

شکل 6

ہم کو چاہیے کہ ہم ہماری غذاء میں ریشہ دار غذاء کو بھی شامل کریں۔ اکثر ہم پھلوں کو اُس کا چھلکا نکال کر کھاتے ہیں۔ جیسے موز لیکن بعض پھل، جیسے سیب، انگور، جام وغیرہ بغیر چھلکا نکالے کھاتے ہیں۔ پھلوں اور ترکاریوں کو بغیر چھلکا نکالے استعمال کرنا چاہیے۔ کیونکہ ان میں ریشوں کی مقدار زیادہ ہوتی ہے۔ یہ ریشے ہاضمہ کے عمل میں مدد دیتے ہیں لیکن آج کل زراعت میں کئی نقصان دہ حشرات کُش دواؤں کا اِستعمال بہت زیادہ ہو رہا ہے یہ دوائیاں ہماری صحت کے لیے نقصان دہ ہوتی ہیں لہٰذا پھلوں اور ترکاریوں کو بغیر چھلے ہوئے کھانے سے پہلے انھیں نمک کے پانی سے اچھی طرح دھونا چاہیے۔

شکل 7

پانی:

ہمارے جسم کے لیے درکار لازمی اجزاء میں پانی بہت اہم جز ہے ہر روز ہمیں مناسب مقدار میں پانی پینا چاہیے۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ ہمیں پھلوں اور ترکاریوں سے بھی پانی حاصل ہوتا ہے؟ کئی قسم کے پھلوں اور ترکاریوں میں پانی پایا جاتا ہے۔

شکل 8 میں دیے گئے چند پھل اور ترکاریوں کو کاٹ کر دیکھیے زیادہ تر ترکاریوں جیسے پھلی، کھیرا، ٹماٹر، ترائی، اور پھلوں جیسے سیب، پپئی، اور تربوزہ وغیرہ میں پانی پایا جاتا ہے۔

S.C.E.R.T. TELANGANA

Fig 8

Why does our body need water?

Activity – 5: To know the use of water

Take a piece of sponge and try to move it in a pipe. It moves with some difficulty, Remove the sponge from the pipe, dip it in water and try to move it again in the pipe. It moves freely or smoothly (Fig 9).Why does it move freely? Water is also food and it also helps the food to move easily in the digestive tract. Water helps in many other processes in our body as well. Hence, we must drink plenty of water.

Fig. 9

BALANCED DIET

Activity – 6

List the food items eaten by you yesterday from break-fast to dinner. Does your diet contain all the necessary components of food in it? Think and discuss with your friends.

Table - 3

Break fast	Lunch	Dinner

Activity – 7

Fig. 10

Look at the food 'THALI' with many food items and list out the food items and food components in it.

Table - 4

Food Items	Food Components
Rice	Starch

You need not eat all items as shown in the "THALI" rather you should ensure that your food contains all food components everyday in adequate quantity. For example, a diet containing food items having more of carbohydrates and protein along with a little fat, vitamins and minerals makes a balanced diet.

S.C.E.R.T. TELANGANA

شکل 8

ہمارے جسم کیلئے پانی کیوں ضروری ہے؟

مشغلہ-5: پانی کے اِستعمال کو جاننے کے لیے

ایک اسپنج کا ٹکڑا لیکر اسے ایک پلاسٹک کے پائپ کے اندر رکھئے ۔ اسپنج کو نیچے اوپر حرکت دینے کی کوشش کیجیے آپ کچھ مشکل محسوس کریں گئے ۔ اب اس اسپنج کے ٹکڑے کو پانی میں بھگو کر دوبارہ اس عمل کو دہرایئے۔ اس مرتبہ آپ اسپنج کو آسانی سے حرکت دے سکیں گے۔ (شکل۔9) ایسا کیوں ہوا؟

پانی غذاء کو ہاضمی نالی میں آسانی حرکت کرنے میں مدد دیتا ہے۔ اس کے علاوہ ہمارے جسم میں ہونے والے کئی حیاتی افعال کے لیے پانی بہت ضروری ہوتا ہے لہذا ہمیں روزانہ وافر مقدار میں پانی پینا چاہیے۔

شکل 9

متوازن غذا : مشغلہ-6 :

کل صبح سے شام تک آپ کی کھائی ہوئی غذائی اشیا کے نام جدول میں لکھئے۔ کیا آپ کی کھائی گئی غذاء میں تمام ضروری غذائی اجزاء موجود ہیں؟ اپنے دوستوں سے بحث کیجیے۔

جدول 3

ناشتہ	دوپہر کا کھانا	شام کا کھانا

مشغلہ :-7

شکل 10

تھالی میں رکھی گئی مختلف غذائی اشیا کو غور سے دیکھئے۔ ان غذائی اشیا میں کون کونسے غذائی اجزاء موجود ہیں، انہیں دی گئی جدول میں درج کیجیے۔

جدول 4

غذائی اشیا	موجود غذائی اجزاء
چاول (پکا ہوا)	نشاستہ

یہ ضروری نہیں ہے کہ تھالی میں بنائی گئی تمام غذائی اشیا کو بطور غذا روزانہ اِستعمال کریں۔ ایسی غذاء جس میں کاربوہائیڈریٹس، پروٹین نسبتاً زیادہ ہوں اور چربیاں وٹامن اور نمکیات مناسب مقدار میں موجود ہوں متوازن غذاء ہے ایسی غذاء کا استعمال کرنا ضروری ہے۔

S.C.E.R.T. TELANGANA

How to make your diet a balanced one?

Taking green salads and vegetables everyday. Taking foods like cereals, pulses, milk etc. adequately. Taking a bit of fat (Oil, Ghee, Butter etc.) Eat seasonable fruits.

Don't forget to supplement your daily diet with green salads and vegetables.

Do you know?

Dry fruits like dates, plums, raisins, Cashew nuts, pistachios, etc. also keep us healthy. Consumption of these in small quatities is good. Name some of the dry fruits you know.

Fig. 11

Balanced diet is cheap indeed:

Scientists have found out that a balanced diet need not necessarily be costly. Everyone can afford it, even the poor. If a person eats dal, rice, rotis, green vegetables, little oil and jaggery all the food requirements of the body are fulfilled. Just balancing our diet with different kinds of foods is not enough. It should be cooked in a proper way.

Fig. 12

You know many nutrients are lost by over cooking, re-heating many times, washing the vegetables after cutting them into small pieces.

Think! Is your mid-day meal a balanced one? Write your observations and display them in bulletin board.

Let us know which foods are to be eaten moderately, adequately, plenty and sparingly.

- Foods like cereals, pulses, milk etc. should be taken adequately.
- Fruit, leafy vegetables and other vegetables should be used in plenty.
- Cooking oils and animal foods should be used moderately.
- Vanaspathi, Ghee, Butter, Cheese must be used sparingly.

Avoid junk foods:

If you are eating only pizzas and sandwiches daily, what will happen? Your body is being deprived of the other food substances. Junk food causes damages to our digestive system. It is better to avoid eating junk food.

Discuss in groups or collect information about junk food. In what way are they harmful to us?

Fig. 13

S.C.E.R.T. TELANGANA

اپنی غذاءکومتوازی غذابنایئے:

روزانہ مناسب مقدار میں سبز اور کچی ترکاریاں، اجناس دالیں اور دودھ کو اپنی غذاء میں شامل کیجیے اس کے ساتھ ساتھ چربیاں جیسے تیل، گھی اور مسکہ وغیرہ ک قلیل مقدار میں استعمال کریں۔ یہ مت بھولئے کہ روزانہ غذاء میں کچی ترکاریوں کے سلاد کو شامل کرنا لازمی ہے۔

شکل 11

کیا آپ جانتے ہیں؟

کھجور، پستہ، کاجو، بادام، کشمش، پھلی وغیرہ جیسے خشک میوہ جات جسم کو صحت وطاقت بخشتے ہیں۔ انھیں اپنی غذاء میں شامل کیجیے۔ ان میوہ جات کو قلیل مقدار میں کھانے کے لیے استعمال کرنا اچھی بات ہے۔ چند خشک میودہ جات کے نام لکھیے جنھیں آپ جانتے ہیں۔

حقیقتاًمتوازن غذاءسستی ہوتی ہے :

مختلف سائنسدانوں کی کئی ایک تحقیقات سے پتہ چلتاہیکہ ہر کوئی متوازن غذاء کو حاصل کرسکتا ہے یہاں تک کہ ایک مفلس بھی اسے حاصل کرسکتا ہے۔

چاول، روٹی، دالیں، ترکاریوں اور تھوڑی مقدار میں تیل اور گڑ کو غذا میں شامل کر کے ہم درکار تمام غذائی اجزاء کو حاصل کر سکتے ہیں۔ لیکن متوازن غذاء میں شامل غذائی اشیا کو صحیح ڈھنگ سے پکا کر کھانا ضروری ہوتا ہے۔

شکل 12

غذائی اشیا کو زیادہ ابالنے، تلنے، بھننے اور بار بار گرم کرنے سے ان میں موجود غذائی اجزاء تلف ہوجاتے ہیں۔ اسی طرح ترکاریوں کو کاٹ کر ٹکڑے کرنے کے بعد دھونے سے ان میں موجود مقویات بھی ضائع ہوجاتے ہیں۔ کیا آپ کے اسکول میں ''دوپہر کے کھانے کی اسکیم'' کے تحت دی جانے والی غذاء متوازن غذا ہے؟ مشاہدہ کیجیے اور اپنے مشاہدات اور خیالات کو اسکول کے بلیٹن بورڈ پر آویزاں کیجیے۔

آیئے معلوم کریں کہ کونسی غذائی اشیا کتنی مقدار میں لیں:-

- اجناس، دالیں اور دودھ وغیرہ کو درکار مقدار میں لیں۔
- پھل اور سبز ترکاریوں کو زیادہ مقدار میں لیں۔
- تیل اور جانوروں سے حاصل ہونے والی غذائی اشیا کو مناسب مقدار میں استعمال کریں۔
- گھی، مسکہ، پنیر جیسی اشیا کو کبھی کبھار ہی استعمال کریں۔

جنک فوڈ (Junk Food) سے پرہیز کریں :

ذرا سوچیے اگر ہم روزانہ صرف نوڈولس، پیزا اور برگر ہی کھائیں تو کیا ہوگا؟ ان کے اِستعمال سے جسم کے لیے درکار دیگر مقویات دستیاب نہ ہونگے۔ جنک فوڈ کے اِستعمال سے ہمارا ہضمی نظام متاثر ہوجاتا ہے۔

اس قسم کی غذائی اشیا کا اِستعمال ہرگز نہ کریں۔ کیونکہ اِن کا اِستعمال کسی بھی لحاظ سے سودمند نہیں ہے۔ آپ اپنے دوستوں سے مل کر گروہ بنایئے اور جنک فوڈ سے ہونے والے نقصانات پر بحث کیجیے۔

شکل 13

S.C.E.R.T. TELANGANA

Food habits of the people depends upon climatic conditions and cultural practices of the particular place. We eat rice in large quantities but people living in north India eat chapathies as a daily food. Because wheat is grown widely in that region. The way of cooking and eating food also reflects the cultural practices of people.

History of food and Nutrition:

Until about 170 years ago there was little scientific knowledge about nutrition. The founder of modern science of nutrition was Frenchman named Lavoisier (1743 to 1793) whose contribution paved new ways to nutrition research. In the year 1752 James Lind's discovered "Scurvy" which could be cured or prevented by eating fresh fruits and vegetables. In 1952 it was known that diseases could be cured by eating certain kinds of foods. In 19th century it was known that the body obtains three substances namely proteins, fats and carbohydrates from the food.

Key words:-

Carbohydrates, Fibres, Balanced diet, Proteins, Fats, Constipation, Vitamins, Minerals.

What have we learnt?

- Food contains some components Carbohydrates, Proteins, Fats, Vitamins and Minerals
- Fibres are also a component of food that are present in different kinds of fruits and vegetables.
- Food items contain all the components of food. The amount of each component varies from one type of food to another.
- Roughages or Dietary fibres prevent constipation.
- We must drink enough water so that our body functions properly.
- The food that contains all the nutrients like Carbohydrates, Proteins, Fats, Vitamins and Minerals in a proper proportions is called Balanced Diet.
- Every one requires a Balanced Diet.

Improve your learning

1. Make a list of food items eaten during lunch by you. Try to mention the components in each food item.

V8X8A5

2. Manjula eats only bread and omlette daily. Do you think it is a balanced diet? Why?

S.C.E.R.T. TELANGANA

کسی علاقے کے لوگوں کی غذائی عادتوں کا انحصار وہاں کی آب ہوا، تہذیب اور رسم و رواج پر ہوتا ہے۔ہم یہاں اکثر چاول اِستعمال کرتے ہیں جبکہ شمالی ہندوستان میں روٹی اِستعمال کی جاتی ہے۔ کیونکہ وہاں گیہوں کی فصل زیادہ ہوتی ہیں۔ لوگوں کی غذائی عادتیں اور پکوان کے طریقے اُن کی تہذیب کی عکاّسی کرتی ہیں۔

غذاء اور تغذیہ کی تاریخ :

آج سے تقریباً 170 سال قبل مغرب میں غذاء اور تغذیہ سے متعلق سائنسی معلومات بہت کم تھے تغذیہ کی جدید سائنس کا بانی ایک فرانسیسی سائنسدان ''لیوائیزیر (1743 تا 1793) ہے جس نے تغذیہ پر تحقیقات کے نئے راز کھولے۔ سال 1752ء میں جیمس لنڈس (James lind's) نے اسقربوط (Scurvy) نامی بیماری کا پتہ چلایا اور بتلایا اس بیماری کا علاج تازہ پھلوں اور ترکاریوں کو کھا کر کیا جاسکتا ہے اور اس نے بتایا کہ بعض بیماریوں کے علاج کے لیے مخصوص غذائی اشیا ہوتی ہیں۔ 1952 میں یہ پتہ چلا کہ ہمارا جسم کاربوہائیڈریٹس، پروٹین اور چربیاں جیسے تین اہم غذائی اشیاء کو غذا سے حاصل کرتا ہے۔

کلیدی الفاظ

نشاستہ (کاربوہائیڈریٹس)، ریشے، متوازن غذا، پروٹین، چربیاں، قبض

ہم نے کیا سیکھا؟

- غذائی اشیا میں کاربوہائیڈریٹس، پروٹین، چربیاں، وٹامن اور نمکیات جیسے غذائی اجزاء پائے جاتے ہیں۔
- غذائی ریشے بھی غذاء کا ایک جز ہوتے ہیں، غذائی ریشے مختلف ترکاریوں اور پھلوں میں پائے جاتے ہیں۔
- غذائی اشیا میں ہر قسم کے اجزا پائے جاتے ہیں لیکن ان اجزاء کی مقدار ہر شئے میں مختلف ہوتی ہے۔
- ریشے دار غذاء قبض کو روکتی ہے۔
- ہمارے جسم کی بہتر کارگردگی کے لیے مناسب مقدار میں پانی پینا چاہیے۔
- ایسی غذاء جس میں کاربوہائیڈریٹس، پروٹین، چربیاں، وٹامن، نمکیات وغیرہ مناسب مقدار میں موجود ہوں تو وہ ''متوازن غذاء'' کہلاتی ہے۔

اپنے اکتساب کو بڑھایئے :

1. دوپہر کے کھانے میں کھائی گی غذائی اشیا میں موجود غذائی اجزا (مقویات) کی فہرست تیار کیجیے۔
2. بتول ہر دن صرف بریڈ (روٹی) اور آملیٹ ہی کھاتی ہے۔ کیا اس کی غذاء متوازن غذاء ہے؟ کیوں؟

3. Make a list of food items that contain all components of food.

4. Who am I?

a. I am a component of food that makes paper translucent.

b. Put a drop of me on a cut potato. It turns dark blue. Who am I?

5. What will happen if we don't include roughage in our food?

6. Test the given food items and record the type of component that are present in them. (Ground nut, Cooked dal, Pulusu)

7. Draw some food items of your diet and explain why you like them.

8. Fill in the blanks.

   a. If our food is not balanced with proper nutrients we may ______________ .

   b. Fibres in our diet prevent ______________ .

   c. Our daily diet should include plenty of ______________ .

   d. Oils and fats give us ______________ .

9. Match the following and give the reasons.

1.	Fibre	( )	A) energy giving
2.	Protein	( )	B) body building
3.	Carbohydrates	( )	C) Bowel movement

10. If you were invited to a party with many food items in the menu like Rice, Roti, Puri, Idly, Dosa, Samosa, Dal, Green salad, Vegetable curry, Fruit chat, Chicken curry, Eggs, Gulab Jamun

    a. What food items would come on to your plate to make your diet a balanced one?

    b. What food items would you take plenty, adequately?

11. How is water useful to our body?

12. Prepare a balanced diet chart with the help of your group and exhibit it in your class room science fair

13. Prepare 'kichidi' with your mother's help using all kinds of available vegetables, dals, nuts etc. Write a note on the process of making kichidi.

S.C.E.R.T. TELANGANA

3. ایسی غذائی اشیا کی فہرست تیار کیجیے جن میں تمام غدائی اجزاء (مقویات) موجود ہوں۔

4. میں کون ہوں؟

a) میں غذاء کا جز ہوں اور کاغذ کو نیم شفاف بناتا ہوں۔

b) مجھے اگر کٹے ہوئے آلو کے ٹکڑے پر ڈالیں تو اس کا رنگ نیلا ہو جائیگا۔

5. اگر ہماری غذاء میں ریشے شامل نہ ہوں تو کیا ہوگا؟

6. دی گئی غذائی اشیا میں کونسے اجزاء موجود ہیں جانچ کیجیے؟

(مونگ پھلی، پکی ہوئی دال، کھانا)

7. آپ کے پسندیدہ غذائی اشیا کے اشکال اتاریئے اور بتلائیے کہ وہ آپ کو کیوں پسند ہیں؟

8. خالی جگہوں کو پُر کیجیے۔

a. اگر ہم متوازن غذا نہ لیں تو ....

b. ہماری غذاء میں موجود ریشے ہمیں .... سے محفوظ رکھتے ہیں۔

c. ہماری روزانہ لی جانے والی غذاء میں .... زیادہ مقدار میں موجود ہوں۔

d. تیل اور چربیاں ہمیں .... دیتے ہیں۔

9. جوڑ ملایئے۔

1) غذائی ریشے	( )	(a) خردمقویات
2) پروٹین	( )	(b) توانائی دیتے ہیں
3) وٹامن، نمکیات	( )	(c) جسمانی نشونما میں مدد دیتے ہیں
4) کاربوہائیڈریٹس	( )	(d) قبض دور کرتے ہیں۔

10. اگر آپ کسی تقریب میں شرکت کریں اور وہاں مختلف قسم کے غذائی اشیا جیسے چاول، روٹی پوری، اڈلی، دوسا، سموسہ، دال، سبز سلاد، ترکاری کا سالن، پھلوں کا چاٹ، مرغ کا سالن، انڈے، گلاب جامن موجود ہیں۔

a) اگر آپ متوازن غذا کھانا چاہتے ہیں تو کون کونسی غذائی اشیا کو اپنی تھالی میں شامل کروگے۔

b) آپ کونسی غذائی اشیا کو زیادہ مقدار میں اور کونسی مناسب مقدار میں کھاؤ گے؟

11. پانی ہمارے جسم کے لیے فائدہ مند کیوں ہے؟

12. اپنے دوستوں سے ملکر متوازن غذا کو ظاہر کرنیوالا ایک چارٹ تیار کیجیے اپنے کمرہ جماعت اور سائنس فیر میں اس کو آویزاں کیجیے۔

13. اپنی والدہ کی مدد سے مختلف ترکاریوں، دالیں، پھلی اور دیگر اشیا کو اِستعمال کرتے ہوئے کھچڑی تیار کیجیے۔ اور اس کی تیاری کے طریقہ کار کو بیان کیجیے۔

S.C.E.R.T. TELANGANA

2 ACIDS AND BASES

R5F4Y5

In our daily life we use a lot of subatances. Even our food has a lot of variety. Different items also have different taste. In preparing and storing food we take a lot of care. In this chapter we would try to understand the reasons for some of them. Let us first think over the following questions related to what we eat.

- What substances do we take as food?
- Are all the items alike? For example do they have the same colour, taste etc.
- In what ways are they different?
- What kind of tastes do food substances we eat have?

Fruits, vegetables and other food substances have different tastes.

Write the names of food substances that you know in the appropriate column, based on their taste:

TABLE - 1

S.No.	SWEET	SOUR	BITTER	SALTY	SPICY
Ex:	Sugar	Lemon Juice	Bitter Gourd	Common Salt	Red Mirchi
1.					
2.					
3.					
4.					
5.					
6.					

- Do you experience any other tastes in your daily life? Write them below.
- Do you find any difference in the taste of a raw and a ripe banana?
- Do substances change their taste when cooked?
- Do substances change their taste when added to some other substances?
- Add sugar to lemon juice. What change do you notice in the taste?
- Add salt to lemon juice. How do the two together taste now?

S.C.E.R.T. TELANGANA

2 ترشے اور اساس

روزمرہ زندگی میں ہم کئی اجزاء کا استعمال کرتے ہیں، یہاں تک کہ ہماری غذائی اشیاء بھی کئی قسم کی ہوتی ہیں۔ مختلف قسم کی غذائی اشیاء کا مزہ مختلف ہوتا ہے۔ اور مختلف قسم کے کھانے بنانے اور ان کو محفوظ رکھنے کچھ نہایت احتیاط کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس سبق میں ہم اُن سے متعلق وجوہات جاننے کی کوشش کریں گے۔ سب سے پہلے حسب ذیل دیئے گئے سوالات جو بطور غذا اِستعمال کی جانیوالی اشیاء کے متعلق ہیں ان پر غور کریں گے۔

- ہم کس قسم کی غذا استعمال کرتے ہیں؟
- کیا یہ تمام اشیاء ایک جیسی ہی ہوتی ہیں؟ مثلاً ان کا رنگ اور مزہ وغیرہ ایک جیسا ہوتا ہے؟
- کس لحاظ سے وہ مختلف ہیں؟
- کھائی جانیوالی غذائی اشیاء کا مزہ کس طرح کا ہوتا ہے؟

میوے، ترکاریاں اور دیگر غذائی اشیاء کا ذائقہ مختلف ہوتا ہے۔

حسب ذیل جدول میں غذائی اشیاء کے نام اُس کے ذائقہ کی بنیاد پر لکھیں:

جداول-1

سلسلہ نشان	میٹھا	ترش (کھٹا)	کڑوا	نمکین	تیز، چٹ پٹا (مصالحہ دار)
1	شکر	لیمو کا شربت	کریلا	عام نمک	لال مرچ
2					
3					
4					
5					
6					

- مذکورہ بالا کے علاوہ کیا آپ اپنی روزمرہ زندگی میں دیگر ذائقوں سے بھی واقف ہیں؟ ذیل میں ان سے متعلق لکھیے۔
- کیا آپ کچے اور پکے ہوئے میوے میں کچھ فرق محسوس کرتے ہیں؟
- کیا اشیاء کو پکانے کے بعد اُن کا ذائقہ تبدیل ہوجاتا ہے؟
- کیا کچھ اشیاء کو دوسری اشیاء سے ملانے کے بعد ذائقہ میں تبدیلی آتی ہے ؟
- لیمو کے رس میں شکر ملایئے اور مزہ بتلایئے ؟
- لیمو کے رس میں نمک کو ملانے پر کیا آپ نے ذائقہ میں کسی قسم کی تبدیلی کو محسوس کریں گے؟

S.C.E.R.T. TELANGANA

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 2022-23

- Is there any difference in the taste in the above situations.

Do substances change colour when added to other substances?

- Do you observed any change when lime water is added to turmeric?

Activity - 1

Take some turmeric powder. Add a bit of water to it and prepare turmeric paste. Rub the turmeric paste on a white paper dry it for some time. Then draw a flower daigram on that paper with a pencil. Colour the flower with soap water using a brush.

Fig.1

- Does the colour of the flower remain the same when soap water is used?

Similarly take some lime water. Add a few drops of it on a piece of turmeric paper. Does the paper change its colour? Is the changed colour of turmeric paper the same in both the cases?

Rani and Sai dropped food they were eating on a white sheet. They washed the sheet with soap and found to their surprise a red spot appearing on the sheet.

- What is the reason for the red spot?

Colour Change:- We notice here that turmeric changes colour when soap water or lime water is added to it. Is it possible that some other substances also change their colour. Let us see.

Activity - 2

Take a piece of turmeric paper. Find as many of the substances given in the table-2 as possible and put them on the turmeric paper one by one. You could try using other substances around you as well. What do you observe? Do you find any change in colour? We notice that the colour of turmeric paper changes with some substances when added to it.

Record your observations in table-2

TABLE - 2

Indicator	COLOUR CHANGE OBSERVED							
Filter paper indicators made using	Vineger	Apple Juice	Banana	Lemon Juice	Soap	Lime Water	Glass Cleaner	Milk of Magnesia
Petals of Hibiscus								
Mango Leaf								
Beetroot								
Oleander								
Turmeric								

S.C.E.R.T. TELANGANA

● حسب بالا صورتوں میں کیا ذائقہ میں کوئی فرق آتا ہے؟

کیا اشیاء کو ایک دوسرے میں ملانے سے ان کے رنگ میں کوئی تبدیلی واقع ہوتی ہے ؟

● چونے کے پانی میں ہلدی ملانے سے آپ نے کوئی تبدیلی محسوس کی؟

یہ کیجئے : 1

شکل 1

تھوڑا سا ہلدی کا سفوف لیجئے اُسمیں کچھ پانی ملا کر لیپ بنالیجے ایک سفید کاغذ پر یہ لیپ چڑھا دیجئے اور اسے کچھ دیر کے لیے سوکھنے دیجئے۔ پنسل سے اس کاغذ پر ایک پھول کی تصویر بنائیے ۔برش استعمال کرتے ہوئے صابن کے پانی سے پھول میں رنگ بھریئے۔

☆ صابن کا پانی ڈالنے سے کیا پھول کا رنگ ویسا ہی برقرار رہتا ہے؟

اسی طرح تھوڑا چونے کا پانی لیجئے اسکے چند قطرے ہلدی کا لیپ لگے ہوئے کاغذ پر ڈالیے۔ کیا کاغذ کے رنگ میں کوئی تبدیلی واقع ہوئی؟ کیا دونوں مواقع پر کاغذ کے رنگ میں یکساں تبدیلی واقع ہوئی؟

رانی اور سائی سفید کاغذ بچھا کر اُس پر کھانا رکھ کر کھا رہے تھے کچھ کھانا کاغذ پر گرا۔ انھوں نے کاغذ کو صابن کے پانی سے دھوڈالا وہ حیرت میں پڑ گئے جب کاغذ پر سرخ دھبے نمودار ہوئے۔

● کاغذ پر سرخ دھبوں کے نمودار ہونے کی وجہ کیا تھی ؟

رنگ میں تبدیلی : جب کبھی ہلدی میں چونے یا صابن کا پانی ملایا جاتا ہے تو اس کا رنگ تبدیل ہوجاتا ہے۔ کیا اس طرح دیگر اشیاء کے رنگوں میں بھی تبدیلی ممکن ہے؟ آیئے دیکھتے ہیں۔

یہ کیجئے : 2

ہلدی کے لیپ میں ڈبویا ہوا کاغذ لیجئے ۔ جدول-2 کے اشیاء جہاں تک ممکن ہوسکے زیادہ سے زیادہ تعداد میں حاصل کیجئے۔ ان اشیاء کو یکے بعد دیگر ہلدی لگے ہوئے کاغذ پر ڈالتے جایئے آپ روز مرہ زندگی میں استعمال ہونے والی دیگر اشیاء بھی لے سکتے ہیں۔ آپ نے کیا مشاہدہ کیا؟ رنگ میں کس قسم کی تبدیلی نظر آئی؟ اپنے مشاہدات کو جدول 2 میں درج کیجئے اشیاء کو جب ہلدی لگے ہوئے کاغذ پر ڈالا جائے تو اس کے رنگ میں تبدیلی واقع ہوتی ہے۔

اپنے مشاہدات کو جدول 2 میں درج کیجیے۔

جدول-2

مظاہر	رنگ کی تبدیلی کا مشاہدہ								
ان اشیا کے استعمال سے تقطیری کاغذ کے مظاہر بنایے گے	مظاہر کاغذ کا رنگ	سرکہ	سیب کا رس	موز (کیلا)	لیمو کا رس	صابن	چونے کا پانی	شیشہ کی صفائی کا محلول	مِلک آف میگنیشیا
گڑھیل کی پنکھڑیاں									
آم کا پتہ									
شلجم									
کنیر کا پھول									
ہلدی									

S.C.E.R.T. TELANGANA

The substances which indicate a change in colour when some substances are added to them are known as indicators.

Turmeric paper is a natural indicator. We can also prepare other natural indicators mentioned in the table – 2 and carry out the tests.

Let us test some substances using these natural indicators. To the substances mentioned in the table – 2, add natural indicators and observe the change in colour. Write the changed colours in the table-2.

- What are the substances which can change the colour of the petals of hibiscus indicator?
- Are there any substances which can change the colour of more than two indicators?
- Is there any substance which cannot change the colour of the indicator?

Try with some other substances and observe the changes.

Activity - 3

Take solutions of some juices of fruits, vegetables, cool drinks and various solutions in beakers/test tubes and test them with blue and red litmus papers. List out results in the table (3), by marking (✓) in the relevant column if the colour changes, put (x) if the colour is unchanged.

TABLE - 3

Substance	Red litmus turns blue	Blue litmus turns red	No Change in litmus
Orange			
Tomatoes			
Baking Soda			
Mineral Water			
Vinegar			
Salt Water			
Shampoo			
Washing Soda			
Spirit			
Saliva			
Cucumber			
Kheera			
Butter Milk			
Milk			
Cooldrink			
Lemon Juice			
Grape Juice			
Bathing Soap			
Detergent Soap			
Lime Water			
Sugar Water			

S.C.E.R.T. TELANGANA

وہ اشیاء جنہیں دوسری اشیاء کے ساتھ ملانے پر رنگ میں تبدیلی واقع ہوتی ہے مظاہر یا (Indicator) کہلاتی ہیں۔

ہلدی ایک قدرتی مظاہر ہے جدول:2 کے ذریعہ اس طرح کے اور بھی فطری مظاہر تیار کر سکتے ہیں اور ان کی جانچ کر سکتے ہیں۔آیئے ہم چند اشیاء کا امتحان کریں گے۔

جدول:2 میں دی گئی اشیاء کو قدرتی مظاہر کے ساتھ ملا کر جانچ کریں اور رنگ میں واقع ہونے والی تبدیلی کو نوٹ کریں۔اس کے علاوہ دوسری اشیاء کے ساتھ بھی اس طرح کی جانچ کریں اور تبدیلی کو نوٹ کریں۔

☆ وہ کونسے اجزا ہیں جو گڑھیل کی پنکھڑیوں کے مظاہر کے رنگ کو تبدیل کر دیتے ہیں۔

☆ کیا کوئی ایسے اجزاء بھی ہیں جو دو سے زائد مظاہر کے رنگ کو تبدیل کر دیتے ہیں۔

☆ کیا کوئی ایسے اجزاء بھی ہیں جو کسی بھی مظاہر کے رنگ میں تبدیلی نہیں لا سکتے؟

دیگر اشیاء کیساتھ بھی جانچ کریں اور تبدیلیوں کا مشاہدہ کریں۔

یہ کیجئے:-3

میوے، سبزیاں، ٹھنڈے مشروب اور مختلف اقسام کے محلول لیجئے اُن کو سرخ اور نیلے لٹمس کا غذ لیکر جانچ کیجئے اور نتائج کو جدول 3: کے متعلقہ کالم میں رنگ تبدیل ہونے پر (✓) کا نشان اور اگر رنگ تبدیل نہ ہو تو (x) کا نشان لگا کر ظاہر کریں۔

جدول-3

اشیاء	سرخ لٹمس کی تبدیلی نیلے لٹمس میں	نیلے لٹمس کی تبدیلی سرخ لٹمس میں	لٹمس میں کوئی تبدیلی نہیں
1. سنترے			
2. ٹماٹر			
3.کھانے کا سوڈا			
4.معدنی پانی			
5. سرکا			
6.نمک کا پانی			
7.شیمپو			
8.واشنگ سوڈا			
9.اسپرٹ			
10.لُعاب			
11 ککڑی			
12.تورائی			
13.کھیرا			
14.چھاچ			
15.دودھ			
16.مشروب			
17.لیموکارس			
18.انگورکارس			
19.نہانے کا صابن			
20.دھونے کا صابن			
21.چونے کا پانی			
22.شکر کا پانی			

S.C.E.R.T. TELANGANA

Preparation of Lime water

Take half a beaker full of water. Add about 5 gm of lime that we apply to betel leaves. Stir the beaker well and let it stand overnight. Filter this solution the following day. Use this filtrate in all experiments you perform. This solution should be transparent.

1) Which of the above substances changed red litmus to blue?

2) Which of the above substances changed the blue litmus to red?

The substances that turn blue litmus to red are acidic in nature. The substances that are soapy to touch and turn red litmus to blue are basic in nature.

Some of the substances given in the list did not change the colour of either blue or red litmus. These are said to be neutral in nature.

Precaution :

Don't taste any substance unless your teacher instructs you. Wash the testtube, stick or dropper you used for putting drops of substances on different paper strips for next use.

Activity - 4:

Classify the substances of Table-3 depend upon their properties. Write in the table-4.

Now take things which are sour in taste and used as food e.g. curd, lemon juice etc. Check with blue and red litmus, what happens?

TABLE - 4

Acidic Substance	Basic Substance	Neutral Substance

Indicators:

The strips of litmus paper change the colour, based on the nature of the material put on them. These are all indicators. They tell us whether a substance is acidic or basic. They are used in studying acidic and basic properties of substances.

Acidic Nature:-

You may have experienced a burning sensation when bitten by an ant. The sensation is due to the presence of formic acid that the ant releases. The acids present in plants and animals are called as natural acids.

We use substances that contain acids in our daily life. Observe the examples given in Table-5.

S.C.E.R.T. TELANGANA

چونے کے پانی کی تیاری

نصف بیکر پانی لیں اور پان میں استعمال کیا جانے والا چونا تقریباً 5 گرام ڈالیں اور پانی کو خوب ہلائیں اور پھر رات بھر کیلئے چھوڑ دیں۔اور دوسرے دن اُسے چھان لیں اوراس پانی کو تجربہ کے لئے استعمال کریں یہ محلول شفاف ہونا چاہئے۔

1. کونسی اشیاء سرخ لِتمس کو نیلے لِتمس میں تبدیل کرتی ہیں؟
2. کونسی اشیاء نیلے لِتمس کو سرخ لِتمس میں تبدیل کرتی ہیں؟

وہ اشیاء جو نیلے لِتمس کو سرخ لِتمس میں تبدیل کرتی ہیں، ترشی خاصیت کی ہوتی ہیں۔وہ اشیاء جو سرخ لِتمس کو نیلے لِتمس میں تبدیل کرتی ہیں، اساسی خاصیت کی ہوتی ہیں۔

فہرست میں دی گئی اشیاء میں کچھ ایسی بھی ہیں جو نہ ہی سرخ لِتمس کو نیلے لِتمس میں اور نہ نیلے لِتمس کو سرخ لِتمس میں تبدیل کرتی ہیں۔ایسی اشیاء کو تعدیلی خاصیت والی اشیاء کہا جاتا ہے۔

احتیاط :

اپنے معلم کی اجازت کے بغیر کسی شئے کا مزہ نہ چکھیں۔استعمال کئے گئے امتحانی نلی ہلانی یا قوطار (Dropper) مختلف قسم کے کاغذ پر قطرہ بہ قطرہ مائعات ڈالنے کے لئے) کوصاف کریں تا کہ دوبارہ ان کو استعمال کرسکیں۔

مشغلہ - 4

مندرجہ بالا مشاہدات کے ذریعہ اشیاء کی درجہ بندی کیجیے۔

اب کچھ ایسی غذائی اشیاء لیں جن کا ذائقہ کھٹا ہوتا ہے مثلاً دہی، لیموکا رس وغیرہ۔ان کو نیلے اور سرخ لِتمس سے جانچ کریں کیا ہوگا۔مشاہدہ کیجیے :

جدول- 4

ترشئی اشیاء	اساسی اشیاء	تعدیلی اشیاء

مظاہر:

لِتمس فیتے اشیاء کی بنیادی خاصیت کے لحاظ سے اپنا رنگ تبدیل کرتے ہیں۔اس کو مظاہر (Indicator) کہا جاتا ہے یہ ہمیں شئے کی ترشئی یا اساسی خاصیت کو بتلاتے ہیں۔

ترشئی خاصیت :

جب آپ کو چیونٹی کاٹے تب جلن کا احساس ہوتا ہے اور یہ فارمیک ترشہ (Formic Acid) کی وجہہ سے ہوتا ہے جو چیونٹی اپنے جسم سے خارج کرتی ہے۔وہ ترشہ جو پودوں اور جانوروں میں پایا جاتا ہے قدرتی ترشہ کہلاتا ہے۔

وہ چیزیں جس میں ترشہ پایا جاتا ہے ہم روزمرہ زندگی میں استعمال کرتے ہیں۔جدول-5 میں دیے گئے مثالوں کا مشاہدہ کیجیے۔

S.C.E.R.T. TELANGANA

TABLE - 5

ACID	SUBSTANCE
Acetic Acid	Vinegar
Oleic Acid	Olive Oil
Citric Acid	Lemon, Orange
Stearic Acid	Fats
Butyric Acid	Stale cheese
Tartaric Acid	Grapes, Tamarind
Lactic Acid	Battered Milk, Curd
Palmtic Acid	Palm Oil
Oxalic Acid	Spinach, Tomato
Ascorbic Acid	Amla (emblica fruit)
Malic Acid	Apples
Uric Acid	Urina
Tannic Acid	Tea

Apart from natural acids, there are certain acids like Hydrochloric acid, Sulphuric acid and Nitric acid etc. that are prepared from minerals.

Basic Nature:-

How do you feel when you touch a cake of soap? Take it between your fingers and gently rub your fingers on it? Do the same with the other material. What difference do you notice?

You might have touched soap water or lime water. How do you feel?

Can you list out some more substances that are soapy to touch?

The substances which are soapy to touch are basic in nature.

Some substances that we use in our daily life, contain different bases. For example soap, glass cleaners etc. Various substances containing bases are listed in the below table.

TABLE - 6

SUBSTANCE	BASE
Lime Water	Calcium Hydroxide
Glass Cleaners	Ammonium Hydroxide
Soaps	Sodium Hydroxide / Potassium Hydroxide
Milk of Magnesium	Magnesium Hydroxide

Activity - 5

Burn a small piece of Magnesium ribbon by holding it with tongs. Collect the white ash and dissolve it in a little water. Touch the solutions formed and test this solution with blue litmus and red litmus. What do you observe?

Oxides of Magnesium when dissolved in water form Magnesium Hydroxide. Similarly oxides of Potassium and Sodium form Potassium Hydroxide and Sodium Hydroxide when dissolved in water. All these are basic in nature. They would be soapy when touched.

S.C.E.R.T. TELANGANA

جدول-5

اشیاء	ترشہ
سرکہ	ACETIC ترشہ
زیتون کا تیل	OLEIC ترشہ
لیمو،سنترہ	CITRIC ترشہ
چربی	STEARIC ترشہ
باسی پنیر	BUTYRIC ترشہ
املی،انگور	TARTARIC ترشہ
دہی، چھاچ	LACTIC ترشہ
پام تیل	PALMTIC ترشہ
پالک،ٹماٹر	OXALIC ترشہ
آملہ/آنولہ	ASCORBIC ترشہ
سیب	MALIC ترشہ
پیشاب	URIC ترشہ
چائے	TANNIC ترشہ

قدرتی ترشوں کے علاوہ کچھ اور ایسے مخصوص ترشے ہوتے ہیں جو معدنیات سے تیار کئے جاتے ہیں مثلاً ہائیڈروکلورک ترشہ، سلفیورک ترشہ اور نائٹرک ترشہ وغیرہ۔

اساسی خاصیت:

جب آپ صابن کو چھوتے ہیں تو کیسا محسوس کرتے ہیں۔ صابن کو اُنگلیوں کے درمیان لیں اور اچھی طرح مل لیں اور اس طرح دوسری اشیاء کیساتھ بھی کریں، آپ کیا فرق محسوس کریں گے۔

صابن کا پانی اور چونے کے پانی کو چھوئیں اور بتائیں کہ آپ کس طرح محسوس کررہے ہیں۔

کیا آپ کچھ اور اشیاء کی فہرست مرتب کرسکتے ہیں جو کہ چھونے پر صابن جیسی محسوس ہوتی ہوں؟

وہ اشیاء جو چھونے پر صابن کی طرح (Soapy) محسوس ہوں اساسی خاصیت کی ہوتی ہیں۔ روزمرّہ زندگی میں استعمال ہونے والے اشیاء جو اساسی خاصیت کے حامل ہوتے ہیں ذیل کے جدول میں دیے گئے ہیں۔

جدول-6

اشیاء	اساس
چونے کا پانی	کیلشیم ہائیڈرو آکسائیڈ
گلاس صاف کرنے والا محلول	امونیم ہائیڈرو آکسائیڈ
صابن (SOAP)	سوڈیم ہائیڈرو آکسائیڈ پوٹاشیم ہائیڈرو آکسائیڈ
مِلک آف میگنیشیم (Milk of Magnesium)	میگنیشم ہائیڈرو آکسائیڈ

یہ کیجئے -5

ایک میگنیشم فیتے کو چمٹے سے پکڑ کر جلائیے، حاصل ہونے والی راکھ کو تھوڑے سے پانی میں حل کیجئے۔ اس محلول کو چھوکر دیکھئے اور سرخ و نیلے لتمس فیتے کے ذریعہ اس کی جانچ کیجئے۔

آپ نے کیا غور کیا ؟

جب میگنیشم کے آکسائیڈس کو پانی میں حل کیا جائے تو منگنیشم ہائیڈرو آکسائیڈ حاصل ہوتا ہے۔ اس طرح پوٹاشیم اور سوڈیم کے آکسائیڈس سے پوٹاشیم ہائیڈرو آکسائیڈ اور سوڈیم ہائیڈرو آکسائیڈس حاصل ہوتے ہیں یہ تمام اساسی خاصیت کے ہوتے ہیں اور اب ان کو چھولیا جائے تو صابن کا احساس ہوتا ہے۔

S.C.E.R.T. TELANGANA

Chemical Indicators: Methyl orange and phenolphthalein used to test acids and bases are called chemical indicators.

Activity - 6

Take the substances that are given in table (3) and test them with Phenolphthalein and Methyl orange solutions. Take a small amount of the substance in two test tubes. Add a few drops of phenolphthalein and methyl orange to each test tube separately. Note the effect. Repeat the process for all the substances one by one. Draw a table just like table (7) in your notebook. Record your observations in that table.

TABLE - 7

SUBSTANCES	CHANGE OBSERVED IN	
	Phenolphthalein	Methyl Orange

What can you conclude from the above data? Keep in mind that some substances are acidic, some are basic and some are neutral. Compare the above observations with those in case of litmus test.

Can you distinguish acids and bases using the indicators?

What would be the criteria for deciding this?

Do you believe that blood comes out of a lemon? How is it possible?

